روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 27/اپریل 2007ء 9 ربیع الثانی 1428 ہجری 27 شہادت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 92

جب بندہ توبہ کرے

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جب بندہ توبہ کرتا ہے اور نادم ہوتا ہے اور اللہ کی توحید کا اقرار کرتا ہے تو اس کو بخش دیا جاتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب اللباس باب الثیاب البیض حدیث نمبر:5379)

خصوصی درخواست دعا

محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ تحریر فرماتے ہیں کہ

قادیان سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان کی طبیعت خراب ہے۔ اس وقت امرتسر ہسپتال کے I.C.U میں داخل ہیں بخار 104 ہے نیز دل کی تکلیف بھی ہے اور ڈاکٹرز نے حالت تشویشناک قرار دی ہے۔

احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بزرگ اور خادم دین وجود کو صحت و سلامتی سے رکھے اور کام کرنے والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ (انگلش میڈیم بوائز سیکشن) کی ہائی کلاسز کو میتھ، فزکس اور کیمسٹری مضامین کی تدریس کیلئے مرد اساتذہ درکار ہیں۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ کی تصدیق سے بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن لکھ کر خاکسار کو بھجوا دیں۔

تعلیمی قابلیت:۔ ایم ایس سی / بی ایس سی، بی ایڈ

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 225-4550/3 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت ملک برکت علی صاحب ولد ملک وزیر بخش صاحب بیان کرتے ہیں کہ

ایک دفعہ جب کہ میں بھوچرا بنگلہ نہر لوئر جہلم ضلع سرگودھا میں تھا کہ ایک سب ڈویژنل افسر ہاورڈ میرے خلاف ہو گیا۔.......... میں نے حضرت اقدس کی خدمت میں دعا کے لئے درخواست کی۔ حضور کی طرف سے ایک کارڈ پر جواب آیا کہ ''دعا کی ہے، اللہ تعالیٰ رحم کرے گا۔'' اتفاق سے یہ خط ایک شخص ہرسرام اور ورسیئر کے ہاتھ آ گیا اور اس نے پڑھ لیا۔ اس نے مجھے آ کر کہا کہ مقدمہ آپ کے حق میں ہو گیا ہے اور آپ بری ہو گئے ہیں۔ میں حیران ہوا اور پوچھا کہ آپ کو کیسے علم ہوا۔ اس نے وہ کارڈ مجھے دیا اور کہا اس پر لکھا ہوا ہے۔ میں نے اسے پڑھا اور کہا یہاں تو یہ نہیں لکھا کہ آپ بری ہو گئے ہیں۔ وہ بولا کہ اتنے بڑے خدا کے بندے نے آپ کے لئے دعا کی ہے بھلا اب کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ بری نہ ہوں۔ چنانچہ اس خط کے مطابق تھوڑے ہی عرصہ کے بعد میں بری ہو گیا اور باوجود اس بات کے کہ میں کلرک تھا اور جھگڑا ایک انگریز سب ڈویژنل افسر کے ساتھ تھا مگر اس مقدمہ تفتیش کے لئے سپرنٹنڈنٹ اور چیف انجینئر مسٹر بینٹسن تک آئے اور خوب اچھی طرح سے انکوائری کی اور مجھے بری کیا۔

(رجسٹر روایات نمبر 10 ص 58-59)

حضرت چوہدری فضل محمد صاحب دوکاندار ہرسیاں بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضور میری طرف متوجہ ہیں تو میں نے موقعہ پا کر عرض کی کہ حضور میری بائیں ران پر ایک گلٹی ہے اور بہت مدت سے ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ یہ کسی وقت تکلیف نہ دے۔ اس وقت حضور کی زبان مبارک سے نکلا تکلیف نہیں دے گی آرام آ جائے گا۔ اس پر ایک دوائی کا نام لیا جو مجھے یاد نہ رہا۔ اس کے کچھ دن بعد اس گلٹی میں درد ہونی شروع ہوئی۔ مجھے خیال آیا کہ حضور نے جو دوائی بتلائی تھی اس کا نام بھول گیا ہوں۔ حیران تھا کہ کیا کروں۔ اتنے میں دو تین دن کے بعد وہ گلٹی اوپر سے کھل گئی اور پھٹ کر باہر نکل آئیں اور دو تین دن کے بعد زخم صاف ہو گیا۔''

(رجسٹر روایات نمبر 14 ص 279)

حضرت مولوی غلام نبی صاحب سابق مدرس مدرسہ احمدیہ بیان کرتے ہیں کہ:

''جب کہ قادیان میں طاعون پڑی۔ میں بھی بموجب حکم اپنی بیمار بیوی کو باہر لے گیا تھا۔ اور بیوی ایسی بیمار ہوئی کہ اس کی زندگی صرف چھاتی کے سانس سے معلوم ہوتی تھی۔ باقی دھڑ مردہ ہو چکا تھا۔ بازار میں سوم راج، بھگ راج اور اچھر ملے جنہوں نے شبھ چنتک اخبار نکالا تھا۔ اور پوچھا کہ کہاں جا رہے ہو۔ میں نے کہا میری بیوی طاعون سے بیمار ہے تو حضرت مسیح موعود کا مذاق سے ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس نے تو لکھا ہے کہ میں نے کشتی بنائی ہے تو اس میں کیوں نہ بیٹھ گئے۔ میں نے کہا کہ ہم تو کشتی میں ہی بیٹھے ہیں مگر تم وہ مٹیرے بناؤ جو نوح کے وقت مخالفوں نے بنائے تھے اور ان میں بیٹھنے والے غرق ہوئے۔ سو جب حضور سے بیماری کا ذکر کیا تو حضور نے مجھے سیڑھیوں میں ٹھہرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تم بیماری والے گھر سے آئے ہو۔ جب میں دوا لے کر آیا تو اس وقت بیوی بے ہوش تھی۔ اس بے ہوشی میں دو بجے تک رہی اور حضور نے دوا دیتے وقت فرمایا کہ ہم بھی دعا کرتے ہیں تم بھی دعا کرو۔ دوائی سفید رنگ کی مسور کی دانوں کے برابر تھی۔ دو بجے رات کو مجھے آواز آئی کہ ''خطرہ نہ کرو'' اور بیوی نے ہوش میں آ کر کہا ''جی مجھے پانی دو''۔ میں نے دوائی بعد مشک کے عرق کے ساتھ بیوی کو کھلا دی۔ قریباً تین بجے ہوں گے جبکہ بیوی نے کہا مجھے اٹھاؤ۔ جب بٹھایا اور میں نے گھر میں ہی نماز پڑھی اور قرآن شریف لے کر نکلا تھا کہ آواز آئی کہ ٹھیکیدار باہر آؤ۔ سوم راج، اچھر اور ملا وامل کا نواسہ مر گئے ہیں ان کو جلانے کے لئے لکڑی دو۔

(رجسٹر روایات نمبر 10 ص 284-285)

نام نہاد دعا گو بزرگوں سے بچیں

(حضرت خلیفۃ المسیح کا اہم ارشاد)

۞ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

''حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ:''پیر بنیں۔ پیر پرست نہ بنیں''۔ یہاں یہ بھی بتادوں کہ بعض رپورٹیں ایسی آتی ہیں، اطلاعیں ملتی رہتی ہیں، پاکستان میں بھی اور دوسری جگہوں میں بھی، بعض جگہ ربوہ میں بھی کہ بعض احمدیوں نے اپنے دعا گو بزرگ بنائے ہوئے ہیں۔ اور وہ بزرگ بھی میرے نزدیک نام نہاد ہیں جو پیسے لے کر یا ویسے تعویذ وغیرہ دیتے ہیں یا دعا کرتے ہیں کہ 20 دن کی دوائی لے جاؤ، 20 دن کا پانی لے جاؤ یا تعویذ لے جاؤ۔ یہ سب فضولیات اور لغویات ہیں۔ میرے نزدیک تو وہ احمدی نہیں ہیں جو اس طرح تعویذ وغیرہ کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے دعا کروانے والا بھی یہ سمجھتا ہے کہ مَیں جو مرضی کرتا رہوں، لوگوں کے حق مارتا رہوں، مَیں نے اپنے بزرگ سے دعا کروالی ہے اس لئے بخشا گیا، یا میرے کام ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ تو کہتا ہے کہ مومن کہلانا ہے تو میری عبادت کرو، اور تم کہتے ہو کہ پیر صاحب کی دعائیں ہمارے لئے کافی ہیں۔ یہ سب شیطانی خیالات ہیں ان سے بچیں۔ عورتوں میں خاص طور پر یہ بیماری زیادہ ہوتی ہے، جہاں جہاں بھی ہیں ہمارے ایشین (Asian) ملکوں میں اس طرح کا زیادہ ہوتا ہے یا جہاں جہاں بھی Asians اکٹھے ہوئے ہوتے ہیں وہاں بھی بعض دفعہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے ذیلی تنظیمیں اس بات کا جائزہ لیں اور ایسے جو بدعات پھیلانے والے ہیں اس کا سدباب کرنے کی کوشش کریں۔ اگر چند ایک بھی ایسی سوچ والے لوگ ہیں تو پھر اپنے ماحول پر اثر ڈالتے رہیں گے۔ نہ صرف ذیلی تنظیمیں بلکہ جماعتی نظام بھی جائزہ لے اور جیسا کہ مَیں نے کہا کہ چند ایک بھی اگر لوگ ہوں گے تو اپنا اثر ڈالتے رہیں گے۔ اور شیطان تو حملے کی تاک میں رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بات ماننے والے بننے کی بجائے اس طرح بعض شرک میں پڑنے والے ہو جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ سب کو اس سے محفوظ رکھے۔ لیکن مَیں پھر کہتا ہوں کہ یہ بیماری چاہے چند ایک میں ہی ہو، جماعت کے اندر برداشت نہیں کی جاسکتی۔ اللہ تعالیٰ تو یہ دعا سکھاتا ہے کہ اپنے اپنے دائرے میں ہر ایک یہ دعا کرے کہ مجھے متقیوں کا امام بنا۔ خلیفۂ وقت بھی یہ دعا کرتا ہے کہ مجھے متقیوں کا امام بنا۔ اور یہ پیر پرست طبقہ کہتا ہے کہ ہم جو مرضی عمل کریں ہمارے پیر صاحب کی دعاؤں سے ہم بخشے جائیں گے۔ اِنَّا لِلّٰہ۔ یہ تو نعوذ باللہ عیسائیوں کے کفارہ والا معاملہ ہی آہستہ آہستہ بن جائے گا۔ وہی نظریہ پیدا ہوتا جائے گا۔ پس اس طرف چاہے یہ چھوٹے ماحول میں ہی ہو، بہت توجہ کی ضرورت ہے۔ ابھی سے اس کو دبانا ہوگا۔ اور ہر احمدی یہ عہد کرے کہ اس رمضان میں اپنے اندر انشاء اللہ تعالیٰ انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنی ہیں۔ ہر احمدی یہ کوشش کرے اور ہر احمدی خود ان دعاؤں اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے مزے چکھے بجائے اس کے کہ دوسروں کے پیچھے جائے۔

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ دوم صفحہ 121)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

۞ ان دنوں میں طلباء وطالبات کے امتحانات جاری ہیں اور کچھ کے چند دنوں تک شروع ہونے والے ہیں اس لئے تمام سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ ان کلاسز میں زیر تعلیم طلبہ سے مستقل انفرادی رابطہ رکھیں اور ان کیلئے دعا بھی کریں اور اگر ان کو کسی مشکل کا سامنا ہو تو اس کو لوکل لیول پر حل کرنے کی کوشش کی جائے اس سلسلہ میں قائم تعلیمی کمیٹی سے بھی مدد لی جائے جس میں آپ کے علاوہ انصار اللہ، لجنہ اماء اللہ اور خدام الاحمدیہ کا بھی ایک ایک نمائندہ ہو نیز مزید راہنمائی کیلئے نظارت تعلیم سے مستقل رابطہ بہت ضروری ہے۔

امتحانات کے بعد ہر سیکرٹری تعلیم اپنی جماعت کے طلباء وطالبات کے رزلٹ کا ریکارڈ رکھے اور نظارت کو بھی میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کا رزلٹ ارسال کیا جائے اس کے بعد مزید تعلیم کیلئے ان طلبہ کی راہنمائی کی جائے کہ کون سی فیلڈ ان کیلئے بہتر ہوگی۔ جو طالب علم رطالبہ خدانخواستہ فیل ہو جائے تو اس کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ وہ طلبہ بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مقرر کردہ معیار سے قبل تعلیم نہ چھوڑیں اور جماعت کیلئے مفید وجود بن سکیں۔

جو طلبہ اگلی کلاسوں میں Promote ہو جائیں ان کی سابقہ کلاسوں کی کتب لے کر مستحق طلباء وطالبات میں تقسیم کی جائیں اس سلسلہ میں مقامی سطح پر بک بینک کا قیام عمل میں لائیں تا کہ منظم طور پر طلبہ کیلئے کتب کا انتظام ہو سکے۔

اس بات کا بھی خاص طور پر جائزہ لیا جائے کہ نئی کلاسوں میں جانے والے طلباء وطالبات کے پاس تمام ضروری سامان مثلاً یونیفارم، جوتے، کتب، کاپیاں، بیگ، قلم وغیرہ موجود ہے کہ نہیں؟

تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ ان دنوں میں خاص طور پر ان احمدی طلباء وطالبات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جو امتحانات دے رہے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت احمدیہ کیلئے نیک وجود ثابت ہوں۔ آمین

(نظارت تعلیم)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

۞ مکرم ملک غلام احمد صاحب مربی سلسلہ دارالعلوم شرقی نور ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 8 فروری 2007ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچی کا نام امۃ الصبوح عطا فرمایا ہے۔ بچی وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور مکرم ملک بشیر احمد صاحب دارالعلوم شرقی نور کی پوتی اور مکرم ملک رفیق احمد صاحب نصیر آباد حلقہ رحمٰن کی نواسی ہے اور حضرت مولوی اللہ بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ بچی کو نیک، صالحہ خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح

۞ مکرم شریف احمد صاحب اشرف مربی سلسلہ گجرات تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم نوید احمد صاحب انسپکٹر تحریک جدید کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ فائزہ نوید صاحبہ بنت مکرم احمد حسن اقبال صاحب کارکن دفتر آڈٹ تحریک جدید ربوہ بعوض تیس ہزار روپے حق مہر مورخہ 26۔اکتوبر 2006ء کو بمقام نصیر آباد حلقہ رحمٰن ربوہ محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے کیا۔ اسی روز رخصتی عمل میں آئی۔ اگلے روز 27۔اکتوبر 2006ء کو سلانوالی ضلع سرگودھا میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر مکرم راجہ صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔

مکرم نوید احمد صاحب حافظ احمد علی معلم اصلاح وارشاد کے پوتے اور محترمہ فائزہ نوید صاحبہ مکرم محمد عبداللہ گرواہی معلم وقف جدید کی پوتی ہیں۔ تمام احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو میاں بیوی اور اہل خاندان کیلئے دین و دنیا کے لحاظ سے بہت بابرکت کرے۔ آمین

نکاح

۞ مکرم محمد اسلم صاحب چک نمبر 327/H.R ضلع بہاولنگر تحریر کرتے ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ شائستہ اسلم صاحبہ کے نکاح کا اعلان مکرم عثمان احمد صاحب ابن مکرم مبارک احمد صاحب شاہد مقیم لندن کے ساتھ مبلغ 5 ہزار پاؤنڈ سٹرلنگ حق مہر پر مکرم محمود احمد صاحب نے مورخہ 31 مارچ 2007ء کو کیا۔ احباب جماعت سے نکاح کے بابرکت ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

ولادت

۞ مکرم عطاء القدوس صاحب تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے فضل سے مورخہ 29 مارچ 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نومولود کا نام عطاء الحی عطا فرما کر وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرمایا ہے۔ بچہ محترم عبدالمالک صاحب مرحوم سابق نمائندہ روزنامہ الفضل ضلع لاہور کا پہلا پوتا ہے۔ بچے کی صحت وسلامتی، درازیٔ عمر اور خادم دین ہونے کیلئے احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

۞ مکرمہ فرحت ناہید صاحبہ دارالعلوم غربی ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میرے بھتیجے مکرم مہر لئیق احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 19 جنوری 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچے کا نام اشمار احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم مہر سعید احمد اختر صاحب آف لاہور ولد مکرم میاں عبدالرحیم صاحب مالیر کوٹلوی کا پہلا پوتا ہے۔ اسی طرح مکرم مہر لئیق احمد صاحب مکرم مرزا مبارک بیگ صاحب ابن حضرت مرزا معظم بیگ صاحب سابق افسر لنگر خانہ ربوہ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے نومولود کے نیک اور خادم دین ہونے اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان داخلہ

۞ غلام اسحٰق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی نے درج ذیل فیلڈز میں چار سالہ ڈگری پروگرام آفر کیا ہے۔ (i) کمپیوٹر سافٹ ویئر انجینئرنگ (ii) الیکٹرانک انجینئرنگ (iii) مکینیکل انجینئرنگ (iv) کمپیوٹر سسٹم انجینئرنگ (v) انجینئرنگ سائنسز (vi) میٹیریلز سائنس اینڈ انجینئرنگ۔ ان پروگرامز میں داخلہ کیلئے F.Sc پری انجینئرنگ میں 60% نمبر ضروری ہیں۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جون 2007ء ہے نیز ان پروگرامز کیلئے داخلہ ٹیسٹ یکم جولائی 2007ء کو اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 22۔اپریل 2007ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

چشم بصیرت سے عرفان وحکمت کی وادیوں کی سیر

حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کی تحریر ''ایک عزیز کے نام خط'' سے چند منتخب اقتباسات

سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ اور خلفاء احمدیت کے بعد بین الاقوامی سٹیج سے جس پاک نفس شخصیت نے امام الزماں سے فیضیاب ہو کر اعلیٰ سطحوں تک حقائق قرآنی کی اشاعت کا حق ادا کیا وہ بطل احمدیت حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خاں صاحب ہیں جنہیں اگرچہ حق تعالیٰ نے اپنی ازلی تقدیر کے مطابق عالمی اسمبلی کی صدارتی کرسی تک پہنچا دیا مگر آپ کی پوری زندگی اپنے آقا ومطاع کی اس آرزو کی تکمیل میں بسر ہوئی کہ

اے بے خبر بخدمت فرقاں کمر بہ بند
زاں پیشتر کہ بانگ بر آید فلاں نماند

اے بے خبر فرقان کی خدمت کیلئے کمر باندھ لے اس سے پہلے کہ یہ آواز آئے کہ فلاں شخص چل بسا۔ ممالک عالم میں حضرت چوہدری صاحب کی قانون دانی اور سیاسی فراست کی دھوم مچی ہوئی ہے لیکن آپ کا پُرانوار روحانی پیکر دنیا کی نگاہ سے اسی طرح سے آج تک پوشیدہ ہے جس طرح رعایا بھیس بدل کر آنے والے شہزادہ کو نہیں پہچان سکتی۔ جیسا کہ سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

یہ لوگ دنیا کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں کون جانتا ہے ان کی قدر مگر وہی جو ان میں سے ہیں دنیا کی آنکھ ان کو شناخت نہیں کرسکتی کیونکہ وہ دنیا سے بہت دور ہیں ...... دنیا نے کس پاک اور برگزیدہ سے اس کے زمانہ میں محبت کی؟

(مجموعہ اشتہارات حصہ سوم صفحہ 595)

حضرت چوہدری صاحب کا باطنی پیکر رب جلیل کے آخری آسمانی قانون اور آفاقی تعلیم سے اسی طرح منور تھا جس طرح مصفا آئینہ آفتاب عالمتاب کی شعاعوں سے بقعہ نور بن جاتا ہے۔

اس پس منظر میں آیئے بیسویں صدی کے دینیات والہیات کے اس عظیم سکالر کی چشم بصیرت سے علم وعرفان کے آسمانوں کی سیر کا لطف اٹھائیں۔

پرواز ہو تمہاری ئہ افلاک سے بلند
پیدا ہو بازوؤں میں وہ قوت خدا کرے

سائنس اور مذہب

حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

آجکل ایک رو چل پڑی ہے کہ جس بات سے متعلق ہمیں سائنس کی تائید نہ مل سکے اسے یا تو رد کر دیا جاتا ہے یا مشکوک قرار دے دیا جاتا ہے حالانکہ سائنس خود ایک نامکمل حالت میں ہے اور روز بروز ہمارے علم میں اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔ اس لئے ہم نہیں کہہ سکتے کہ آج جو فیصلہ سائنس کا کسی بات سے متعلق ہے وہ قطعی اور یقینی ہے۔ میں مثال کے طور پر بیان کرتا ہوں کہ قرآن کریم میں ذکر ہے کہ لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں ان کے خلاف آخرت میں شہادت دینگے۔ سینما کی ایجاد سے قبل اس حقیقت کا سائنس کی بنا پر سمجھنا مشکل تھا۔ لیکن سینما نے یہ حقیقت واضح کر دی جو لوگ سینما دیکھنے کیلئے جاتے ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ کس طور پر ہاتھ اور پاؤں کی شہادت محفوظ کی جا سکتی ہے اور پھر لوگوں کو دکھائی جاسکتی ہے حتیٰ کہ ایک ایکٹر خود جا کر اس تصویر کو دیکھ سکتا ہے اور اپنے ہاتھ پاؤں کی حرکات کا اندازہ لگا سکتا ہے جس میں وہ حصہ لے چکا ہوتا ہے۔ جب بادشاہ جارج پنجم 1911ء میں ہندوستان تشریف لائے اور دہلی میں تاجپوشی کا دربار ہوا تو دربار کی تصویر لی گئی اور بعد میں بہت عرصہ وہ لندن میں دکھائی جاتی رہی اور بادشاہ سلامت اور ملکہ اور شہزادے اور شہزادیاں سب دیکھنے جاتے رہے ایک موقعہ پر بادشاہ سلامت اپنی والدہ صاحبہ کو دکھانے کیلئے اپنے ساتھ لے گئے اس وقت ملکہ الیگزنڈر تاجپوشی کا دربار جو دہلی میں ہوا، دیکھ رہی تھیں۔ تصویر میں بھی بادشاہ اور ملکہ انہیں نظر آرہے تھے اور بادشاہ سلامت ان کے پاس بھی بیٹھے ہوئے انہیں بتا رہے تھے کہ دیکھو اس موقعہ پر یوں ہوا اور اس موقعہ پر یوں ہوا گویا گزشتہ کا سارا فعل مجسم ہو کر سامنے آ گیا۔

اسی طرح جب تک ریڈیو کی ایجاد مکمل نہ ہوئی تھی الہام اور وحی کے مسئلہ کا سمجھنا محض عقل کی بناء پر اور سائنس کی بناء پر مشکل تھا لیکن اب تو گھر گھر ریڈیو لگ گیا ہے اور الہام اور وحی کا مسئلہ انسانوں کے فہم کے زیادہ قریب ہو گیا ہے۔

(ایک عزیز کے نام خط صفحہ 96-97 اشاعت اول مارچ 1940ء طبع دوم اکتوبر 1960ء)

خدا کی آسمانی فوج

اللہ تعالیٰ ایک وراء الوراء اور لطیف در لطیف ہستی ہے اور انسان ایک مادی اور کثیف ہستی ہے۔ گو اس کی لطیف دماغی اور روحانی طاقتیں اور احساس بھی ہیں لیکن پھر بھی انسان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان براہ راست اور بلاواسطہ تعلق مشکل ہے۔ انسانی قویٰ ایسے تعلق کی برداشت نہیں رکھتے۔ جیسے قرآن کریم میں ذکر آتا ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کی کہ میں آپ کو دیکھنے کی خواہش رکھتا ہوں تو جواب ملا تم مجھے دیکھنے کی طاقت اور برداشت نہیں رکھتے لیکن اس پہاڑ کی طرف دیکھو اس پر میری تجلی ڈالی جائے گی اور جب پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلی ہوئی تو پہاڑ پر زلزلہ آ گیا اور حضرت موسیٰؑ بیہوش ہو کر گر پڑے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے بجلی کی زبردست رو کا تار ہو جس میں سے بجلی اپنے پورے زور سے گزر رہی ہو اگر اس تار کے ساتھ لیمپوں یا پنکھوں بلکہ کارخانوں کو جوڑ کر دیا جائے تو وہ تیز اور طاقتور رو سب کچھ جلا دے گی اس لئے جب اس بجلی کو استعمال کرنا مقصود ہوتا ہے تو پہلے اس کی طاقت کم کی جاتی ہے پھر اور کم کی جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی طاقت ایسے پیمانہ پر آ جاتی ہے جسے لیمپ اور پنکھے اور انگیٹھیاں اور چھوٹی چھوٹی موٹروں کی تاریں اور پرزے برداشت کر سکتے ہیں اور پھر اس کے بعد اس بجلی کا استعمال ان اغراض کیلئے کیا جاتا ہے۔

اس مثال سے فرشتوں کا وجود انسانی فہم سے قریب ہو جاتا ہے موٹے طور پر سمجھ لو کہ فرشتے ایک لطیف وجود ہیں جو انسان کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطہ بن کر انسان کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق ممکن کر دیتے ہیں۔ یہ ایک موٹی تشریح ہے اور جیسے میں نے کہا ہے کہ اگر تم ملائکہ کے متعلق تفصیلی علم حاصل کرنا چاہو تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی...... تقریر (ملائکۃ اللہ ۔ ناقل) پڑھ لو (ایضاً صفحہ 97)

روحانی انقلاب میں نماز کا مرکزی کردار

انسان کی روحانی اصلاح اور ترقی کیلئے (دین) نے جن اعمال پر سب سے زیادہ زور دیا ہے۔ وہ نماز ذکر الٰہی اور دعا ہیں۔ نماز کی اہمیت اس مثال سے واضح ہو جائے گی کہ نماز کے اوقات پر گویا اللہ تعالیٰ کا دربار لگتا ہے اور سب درباریوں کو حاضری کا حکم ہوتا ہے اور خلعتیں اور انعام تقسیم ہوتے ہیں اور عرضیں سنی جاتی ہیں اور قرب الٰہی کی منازل طے ہوتی ہیں۔ اس دربار سے جو درباری غیر حاضر رہتا ہے وہ قابل موأخذہ ہے اور نمازوں میں فرض نماز کا حصہ گویا دربار خاص کا حصہ ہوتا ہے اور باقی حصے گویا دربار عام کی طرح ہوتے ہیں۔ انسان کو چاہئے کہ ان اوقات کا منتظر رہے اور وقت آنے پر عاشقانہ شوق سے دربار کیلئے تیاری کرے۔ اپنے بدن کی صفائی کرے صاف اور پاکیزہ لباس ہو اور پھر دربار کے آداب کے مطابق بروقت اور باادب حاضر ہو جائے اور جب تک دربار سے رخصت کی اجازت نہ مل جائے حاضر رہے اور اپنی عرض معروضات پیش کرے اور اس راز و نیاز کے موقعہ سے فائدہ اٹھا کر قرب الٰہی کی منازل طے کرنے کی کوشش کرے اور جب ایک دربار سے رخصت کی اجازت ملے تو پھر اپنے معمولی کاروبار کی طرف متوجہ ہو جائے لیکن جس دربار سے ابھی واپس آیا ہے اس کا ذوق دل ودماغ کو معطر کر رہا ہو اور دوسرے دربار میں بلائے جانے کی انتظار میں ہو اور دل میں ایک شوق اور ولولہ اور بے صبری ہو کہ کب پھر دربار میں بلاوا ہو اور میں بصد شوق پھر حاضر ہو جاؤں اور اس درمیانی وقفہ میں گو دست با کار ہو مگر دل بایار ہو۔ اور محبوب حقیقی کا نام دل سے اٹھ اٹھ کر بے اختیار بار بار زبان پر آئے اور اس طرح گویا نمازوں کے درمیان بھی ذکر الٰہی جاری رہے جیسے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا ہے۔

عادت ذکر بھی ڈالو کہ یہ ممکن ہی نہیں
دل میں ہو عشق صنم لب پہ مگر نام نہ ہو

چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات پر غور ہوتا رہے اور اس کے احسانات کی یاد بار بار کی جائے اور اگر فجر کی نماز کے بعد کا وقت ہے تو صحیفۂ الٰہی یعنی قرآن مجید میں سے جس قدر میسر ہو پڑھا جائے اور اس پر غور کیا جائے اور پھر اگر موقعہ ہو تو انسان دعا میں لگ جائے اور دعا کی مثال نماز کے مقابل میں ایسی ہے۔ کہ اصل دعا کا وقت تو نماز ہے جبکہ انسان دربار الٰہی میں حاضر ہوتا ہے اور ہر ایک درباری کو حاضری کا حکم ہے لیکن بھلا ایک عاشق صادق اتنے پر کب صبر کرسکتا ہے وہ درمیان میں بھی بے قرار ہو کر خود جا کر دروازہ پر دستک دیتا ہے اور دعا کرتا اور گڑگڑاتا اور آہ وزاری کرتا ہے یہ گویا نماز کے علاوہ اوقات کا ذکر الٰہی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں ہر وقت اپنے بندوں کے قریب ہوں اور ہر وقت ان کی پکار کو سنتا ہوں۔ اگر دن کا اس طرح سے آغاز ہوگا کہ اور اس طرح دن گزرے گا اور ختم ہوگا اور رات کو بھی کروٹ بدلنے پر اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جائے گا۔ اور رات کا کچھ حصہ نوافل میں صرف ہوگا۔ تو انسان کی تمام زندگی گویا ایک مسلسل عبادت ہو جائے گی۔ اور دراصل یہی حالت ایک حقیقی مومن کی زندگی کی ہونی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے فضل سے ایسی ہی زندگی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(ایک عزیز کے نام خط صفحہ 98 تا 100)

سفر آخرت کی تجلیات اور بطن فلسفہ

اول یہ امر ذہن نشین کرنا چاہئے کہ موت اپنی ذات میں مصیبت یا دکھ کی چیز نہیں بے شک ایک عزیز کی اس دنیا میں مفارقت پر دل کو جدائی کا دکھ ہوتا ہے یہ ایک قدرتی جذبہ ہے لیکن موت خود اپنی ذات میں قابل افسوس نہیں جب بیٹا تعلیم کی خاطر ماں باپ سے

جدا ہوتا ہے تو بیٹے اور ماں باپ دونوں کو رنج ہوتا ہے لیکن وہ جدائی جس کی وجہ سے رنج ہوتا ہے اپنے اندر ایک خوشی کی چیز ہوتی ہے اسی طرح اگر روزی کمانے کیلئے کسی شخص کو اپنے بیوی بچوں سے ایک لمبے عرصہ کیلئے جدائی اختیار کرنی پڑتی ہے تو دونوں فریق کو جدائی کا رنج ہوتا ہے یا جب لڑکی کی شادی ہوتی ہے تو گو یہ تقریب اپنے اندر خوشی کی تقریب ہوتی ہے اور اس نئے تعلق سے جو اس وقت قائم ہوتا ہے کئی قسم کی برکتوں اور ترقیوں کی امید کی جاتی ہے لیکن اس موقعہ کے لحاظ سے قدرتی طور پر ماں باپ کو بیٹی کی جدائی کے احساس سے اور بیٹی کو ماں باپ اور دیگر عزیزوں کی جدائی کے احساس سے تکلیف ہوتی ہے۔

یہی حالت ایک عزیز کی موت کے وقت اس کے عزیزوں کی ہوتی ہے اگرچہ موت کی وجہ سے جو جدائی ہوتی ہے وہ چونکہ ایک شخص کو اس کے عزیزوں سے ظاہری طور پر ہمیشہ کیلئے جدا کر دیتی ہے اس لئے جدائی کا یہ صدمہ زیادہ ہوتا ہے لیکن موت اپنی حقیقی صورت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت ہی ہے جو پیچھے رہتے ہیں ان کیلئے بھی اور جو چلا جاتا ہے اس کے لئے بھی۔ گو عین جدائی کے وقت یہ رحمت کا پہلو ہماری نظروں سے اوجھل ہوتا ہے۔ اور صدمہ کا احساس اس قدر تیز ہوتا ہے کہ دوسرے سب پہلو اس کے نیچے دب جاتے ہیں۔

مثلاً غور کرو کہ ہمارے سب وہ بزرگ جن کی جدائی کا صدمہ ہم اب تک محسوس کرتے ہیں آج زندہ ہوتے اور پھر ان کے وہ بزرگ جن کی جدائی کا صدمہ انہوں نے محسوس کیا اور جن کی موجودگی کی انہیں خواہش اور حسرت تھی اور پھر ان کے بزرگ اور پھر ان کے بزرگ اور اسی طرح ایک لا انتہا سلسلہ تک سب زندہ ہوتے تو اول تو اس زمین پر چلنے پھرنے اور ہلنے جلنے کی جگہ ہی نہ ہوتی اور پھر موجودہ نسلوں کو ترقی کرنے کا کوئی میدان میسر نہ ہوتا اور تمام اہم امور کی سرانجام دہی ہمارے بزرگوں کے بزرگوں کے بزرگوں سے بھی کئی سو نسلیں اوپر کے بزرگوں کے ہاتھ میں ہوتی اور دنیا ایک عجیب مشکل اور مصیبت کی جگہ بن جاتی اور آج ہی پر غور کر کے دیکھو کہ اگرچہ تم ہمیں بہت پیارے ہو اور تمہیں بھی ہمارے ساتھ پیار ہے لیکن تمہاری ترقی کا میدان کھلنے کیلئے ضروری ہے کہ جب ہم اپنا وقت پورا کر چکیں تو ہم چلے جائیں اور تم ہماری جگہ لو۔ وہ وقت بے شک صدمہ کا وقت ہوگا لیکن ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ ہم اس صدمہ کو اسی طرح برداشت کریں جس طرح اللہ تعالیٰ ہم سے چاہتا ہے جانے والا اپنے مولیٰ سے راضی ہو کر اس کے حضور پہنچنے کی تیاری کرے اور پیچھے رہنے والے بھی اپنے مولیٰ کی رضاء کو خوشی خوشی قبول کریں۔ کیونکہ اگرچہ انسانوں پر موت آتی ہے اور ہم اپنے والدین اور اپنے دیگر بزرگوں اور عزیزوں سے جدا ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ حی و قیوم ہے اور اس پر موت نہیں آتی اور وہی ہم سب کا آقا ہے اور ہم سب اسی کے بندے ہیں اور اسی کے حضور ہم سب کو جمع ہونا ہے اور ایک سچے مومن پر تو جب وہ وقت آتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے رحمت کی امید کرتا ہوا شوق سے اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہونے کیلئے تیار ہو جاتا ہے رسول اللہ ﷺ نے اپنی موت سے تھوڑا عرصہ قبل فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو یہ اختیار دیا کہ وہ اس دنیا میں رہے یا اللہ تعالیٰ کے حضور چلا جائے۔ تو اس نے آخری بات پسند کی۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ رو پڑے باقی صحابہ نے بعد میں محسوس کیا کہ حضرت ابوبکرؓ اس وقت سمجھ گئے تھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا بندہ جس کا ذکر حضورؐ نے فرمایا تھا۔ وہ خود حضورؐ ہی تھے۔

اور میں نے اپنی والدہ مرحومہ سے متعلق خود دیکھا کہ وہ نہایت اطمینان سے اور خوشی خوشی ہم سے رخصت ہوئیں اور ہمیں صبر کی تلقین کی اور پھر اپنے مولیٰ کی طرف رخ کر لیا اور ہم سے جدائی کا خیال اس طرح دل سے نکال دیا کہ گویا جدائی کا انہیں کوئی احساس ہی نہیں اور یہ وہی ماں تھی جسے ایک لمحہ بھر کی جدائی ہم سے گوارا نہ تھی۔ گو ان کی وفات سے کچھ عرصہ پہلے جب ان کی یہ حالت ہوگئی تو میرا دل آنے والی جدائی کو محسوس کر کے اس بات سے بھی تکلیف محسوس کرتا تھا کہ ان کی توجہ ہماری طرف اب نہیں لیکن اس خیال سے کہ ایک اطمینان بھی محسوس کرتا تھا کہ ایک مومن کی یہی حالت ہونی چاہئے جو اس وقت میری والدہ کی تھی۔ کیونکہ موت کے خیال سے انہیں کوئی تشویش یا گھبراہٹ نہ تھی اور وہ اپنے مولیٰ کے حضور جانے پر راضی اور خوش تھیں دعا ہے کہ میرا وقت آنے پر اللہ تعالیٰ اپنے رحم سے میرے دل کی بھی یہی حالت کر دے اور مجھے ایسی حالت میں موت دے کہ وہ خود مجھ سے راضی ہو اور اس کی رحمت کے دروازے میرے لئے کھلے ہوئے ہوں۔ آمین

میں بیان کر چکا ہوں کہ جسم اور روح میں کس قسم کا رشتہ ہے یہ رشتہ انہیں حالات کیلئے موزوں ہے جو ہمیں اس زندگی میں پیش آتے ہیں اور ان حالات کے مطابق روح اس جسم کی مدد سے ترقی کرتی چلی جاتی ہے لیکن ایک وقت آتا ہے کہ روح موجودہ زندگی کے حالات میں مزید ترقی نہیں کر سکتی اور اس کی مزید ترقی کیلئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ایک اور عالم میں داخل ہو جہاں کے حالات اس زندگی کے حالات سے بالکل مختلف ہیں اور اس زندگی میں داخل ہونے کیلئے یہ لازم آتا ہے کہ اس جسم کے ساتھ روح کا رشتہ منقطع کیا جائے اگر ایسا نہ ہو تو انسانی روح کی مزید ترقی رک جائے گی اور چونکہ موت کے ذریعہ انسانی روح ایسے حالات سے نجات پاتی ہے جو اس کی مزید ترقی میں روک ہیں۔ اور ایسے عالم میں داخل ہوتی ہے جہاں نئی ترقیوں کے میدان اس کیلئے کھلتے ہیں۔ اس لئے موت مرنے والے کیلئے بھی رحمت ہے۔

(ایضاً صفحہ 154 تا 157)

ایک بزرگ صوفی کا قول ہے کہ موت ایک پل ہے جو محبوب کو محبوب (یعنی اللہ جلشانہ) تک پہنچاتی ہے۔ اس لئے حضرت مسیح موعود نہایت درد بھرے انداز میں اپنی دلی کیفیت کا نقشہ کھینچتے ہوئے فرماتے ہیں۔ ؎

میں دل کی کیا سناؤں۔ کس کو یہ غم بتاؤں
دکھ درد کے ہیں جھگڑے مجھ پر بلا یہی ہے
دیں کے غموں نے مارا اب دل ہے پارہ پارہ
دلبر کا ہے سہارا ورنہ فنا یہی ہے
وہ دن گئے کہ راتیں کٹتی تھیں کر کے باتیں
اب موت کی ہیں گھاتیں غم کی کتھا یہی ہے
جلد آ پیارے ساقی اب کچھ نہیں ہے باقی
دے شربت تلاقی حرص و ہوا یہی ہے

(1907ء)

میرے پیارے ابو مکرم چوہدری مبشر احمد چیمہ صاحب

ع۔ قدوس چیمہ

میرے والد محترم چوہدری مبشر احمد چیمہ صاحب چیچہ وطنی میں پیدا ہوئے۔ آپ میرے دادا جان چوہدری نبی احمد چیمہ صاحب سابق درویش قادیان کے سب سے بڑے بیٹے تھے۔ بچپن میں ہی جبکہ دادا جان قادیان تشریف لے گئے محترم والد صاحب نے پانچوں نمازیں اور تہجد باقاعدگی سے ادا کرنی شروع کر دی چونکہ آپ کے بچپن ہی میں آپ کے آباؤ اجداد رانی پور سندھ چلے گئے اس لئے آپ کی ابتدائی تعلیم کا وہیں سے آغاز ہوا۔ B.Com کے بعد 1969ء میں آپ نے سرگودھا بورڈ میں ملازمت اختیار کی اور اپنی 30 سالہ ملازمت کے دوران ہمیشہ ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دیئے۔

پنجوقتہ نماز کی عادت بچپن سے لے کر زندگی کے آخری سانس تک برقرار رہی نماز کو سنوار کر بہت عمدگی سے ادا کرتے۔

صبح کے وقت قرآن ہمیشہ باقاعدگی سے پڑھتے بہت عرصہ تک ملازمت کے باوجود امام الصلوۃ کے فرائض بھی سرانجام دیئے قرآن کا بہت سا حصہ آپ کو ازبر تھا ہر وقت زیر لب قرآنی دعائیں پڑھتے رہتے۔ ہم پر آپ کا ایک بہت بڑا احسان یہ ہے کہ بہت سی سورتیں آپ کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے یاد کیں۔

حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ سے بہت عقیدت اور محبت رکھتے تھے۔ درود شریف کثرت سے پڑھتے اور ہمیں بھی تلقین کرتے۔ اولاد کی تربیت احسن رنگ میں کی وفات سے تقریباً پندرہ روز قبل میں ان کے پاس گئی تو کہنے لگے کہ میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میرے بچے نمازوں کے پابند ہیں اور کہنا مانتے ہیں۔

آپ سرگودھا بورڈ میں ملازمت کرتے تھے اور ایمانداری کو شعار بناتے ہوئے اپنی ملازمت کے 30 سال بہت ہی شفاف طریقے سے گزارے۔

آپ کے بچپن کا ایک واقعہ ہے کہ ایک دفعہ جبکہ آپ کی عمر ابھی 14 یا 15 سال ہوگی آپ بیت الذکر میں تہجد پڑھ رہے تھے اس وقت آپ کے والد صاحب قادیان میں تھے وہاں سے کسی سندھی آدمی کا گزر ہوا جو شاید زمینوں کو پانی دینے جا رہا تھا۔ اس کو میرے ابو کے رونے اور گڑگڑانے کی آواز آئی صبح اس نے آپ کے دادا جان سے تذکرہ کیا کہ شاید مبشر کو کہیں درد ہے کہ وہ رات بیت میں رو رہا تھا آپ کے دادا جان نے کہا کہ اس کے والد قادیان گئے ہوئے ہیں یہ رات بھر ان کے لئے دعا کرتا ہے۔ اور یہ عادت اللہ کے فضل سے تمام عمر قائم رہی۔

آپ کی طبیعت میں صبر بہت تھا بیماری کا آخری ہفتہ شدید تکلیف میں گزرا لیکن اپنی اس تکلیف کا اظہار نہ صرف یہ کہ چہرے سے نہ ہونے دیا بلکہ زبان سے بھی اظہار نہ کیا۔ آخری وقت جبکہ میرے چچا جان آپ کے پاس تھے ان سے بار بار کہتے کہ درود شریف پڑھ کر میرے سینے پر ہاتھ پھیرو۔

ہماری امی کی بہت عزت کیا کرتے اور ان کا خیال رکھتے آخری ایام میں امی سے کہنے لگے میں تمہارے لئے بہت دعا کرتا ہوں تم نے میرا بہت ساتھ دیا ہے۔

مہمانوں کی بہت عزت اور قدر کرتے بار بار آ کر دیکھتے کہ مہمانوں کو کھانے میں کیا ملا ہے کیا پکایا کسی چیز کی کمی ہوتی تو فوراً کہتے کہ فلاں کو یہ چیز پسند ہے اس کے لئے پکالو۔

اپنے بچوں کی بہت عزت کرتے اور محبت سے پیش آتے ہمیشہ آپ کہہ کر مخاطب کرتے۔ ایک دفعہ میں نے اپنے بیٹے کی بار بار بیماری کی وجہ سے اپنی پریشانی کا تذکرہ کیا تو مجھے دعا کی تلقین کرتے ہوئے خود اٹھ کر بیت چلے گئے۔

ہمارے ابو نے بڑی پُر مشقت زندگی گزاری کبھی کھیتی باڑی میں مشغول پاؤں پہ دھول اور میلے کپڑے پہنے ہوئے ہیں، کبھی ملازمت پہ جا رہے ہیں کبھی خدمت دین میں مصروف نظر آتے ہیں اور کبھی دوسروں کی ضروریات پوری کرنے میں جتے ہوئے ہیں۔

آپ کی وفات پہ بہت سے غیر از جماعت احباب بھی آئے جنہوں نے آپ کے اعلیٰ اخلاق کی اس انداز میں گواہی دی کہ شاید آپ کی بہت سی بہترین عادات ہمارے علم میں ہی نہ تھیں۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمارے ابو کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ہمیں صبر عطا کرے۔ آمین

☆......☆......☆

انقلاب آفریں ایجادات، انکشافات اور آئیڈیاز

ان پچاس سے زائد دریافتوں کا قصہ جو سب سے پہلے مسلمانوں کے ذہن میں آئیں

محمد زکریا ورک صاحب

(قسط اول)

اس مضمون میں پچاس سے زائد انقلاب آفریں دریافتوں، سائنسی آئیڈیاز، ایجادات اور انکشافات کا ذکر کیا گیا ہے جن کا خیال سب سے پہلے مسلمانوں کو آیا تھا۔ ہر آئیڈیا کسی بھی ایجاد میں بیج کی طرح ہوتا ہے۔ ہر دریافت، ہر ایجاد، ہر انقلاب، ہر تحریک کے پیچھے کوئی نہ کوئی آئیڈیا کارفرما ہوتا ہے۔

کافی کی دریافت

کہا جاتا ہے کہ خالد نام کا ایک عرب ایتھوپیا کے علاقہ کافہ میں ایک روز بکریاں چرا رہا تھا۔ اس نے محسوس کیا کہ اس کے جانور ایک خاص قسم کی بوٹی کھانے کے بعد چاق و چوبند ہوگئے تھے۔ چنانچہ اس نے اس درخت کی بیریوں کو پانی میں ابال کر دنیا کی پہلی کافی تیار کی۔ ایتھوپیا سے یہ کافی یمن پہنچے جہاں صوفی ازم سے وابستہ لوگ ساری ساری رات اللہ کا ذکر کرنے اور عبادت کرنے کے لئے اس کو پیتے تھے۔ پندرہویں صدی میں کافی مکہ معظمہ پہنچی، وہاں سے ترکی جہاں سے یہ 1645ء میں وینس (اٹلی) پہنچی۔ 1650ء میں یہ انگلینڈ لائی گئی۔ لانے والا ایک ترک پاسکوا روزی (Pasqua Rosee) تھا جس نے لندن سٹریٹ پر سب سے پہلی کافی شاپ کھولی۔ عربی کا لفظ قہوہ ترکش میں قہوے بن گیا جو اطالین میں کافے اور انگلش میں کافی بن گیا۔

شطرنج کا کھیل

شطرنج ہندوستان کا کھیل ہے لیکن جیسے یہ آجکل کھیلی جاتی ہے۔ یہ ایران میں ہزاروں سال قبل کھیلی جاتی تھی۔ ایران سے یہ اندلس پہنچی اور وہاں سے دسویں صدی میں یورپ۔ فارسی میں شاہ مات کو انگریزی میں چیک میٹ کہتے ہیں نیز روک (Rook پیادہ) کا لفظ رخ سے اخذ ہوا ہے جس کے معنی ہیں رتھ۔

باغات

باغات سب سے پہلے مسلمانوں نے بنانے شروع کئے تھے یعنی ایسی خوبصورت جگہ جہاں بیٹھ کر انسان مراقبہ یا غور وفکر کر سکے۔ یورپ میں شاہی باغات اسلامی سپین میں گیارہویں صدی میں بننے شروع ہوئے تھے۔ کارنیشن اور ٹولپ کے پھول مسلمانوں کے باغات ہی کی پیداوار ہیں۔

ہوا میں اڑنے کی کوشش

امریکہ کے رائٹ برادرز سے ایک ہزار سال قبل اندلس کے ایک اسٹرانومر، میوزیشن اور انجینئر عباس ابن فرناس نے سب سے پہلے ہوا میں اڑنے کی کوشش کی تھی۔ ایک مؤرخ کے مطابق 852ء میں اس نے قرطبہ کی جامع مسجد کے مینار سے چھلانگ لگائی تا وہ اپنے فضائی لباس کو ٹیسٹ کر سکے۔ اس کا خیال تھا کہ وہ اپنے گلائیڈر سے پرندوں کی طرح پرواز کر سکے گا۔ 875ء میں اس نے گلائیڈر سے ملتی جلتی ایک مشین بنائی جس کے ذریعہ اس نے قرطبہ کے ایک پہاڑ سے پرواز کی کوشش کی۔ یہ فضائی مشین اس نے ریشم اور عقاب کے پروں سے تیار کی تھی۔ وہ دس منٹ تک ہوا میں اڑتا رہا مگر اترتے وقت (کریش لینڈنگ) اس کو چوٹیں آئیں کیونکہ اس نے گلائیڈر میں اترنے کے لئے پرندوں کی طرح دم نہ بنائی تھی۔

(Dictionary of Scientific Biography, Vol 1, Page 5)

پہلا پلینی ٹیریم

دنیا کا سب سے پہلا پلینی ٹیریم (Planetarium) اسلامی سپین کے سائنسدان عباس ابن فرناس (887ء) نے قرطبہ میں نویں صدی میں بنایا تھا۔ یہ شیشے کا تھا اس میں آسمان کی پروجیکشن اس طور سے کی گئی تھی کہ ستاروں، سیاروں، کہکشاؤں کے علاوہ بجلی اور بادلوں کی کڑک بھی سنائی دیتی تھی۔

کیمرے کی ایجاد

قدیم یونانی حکماء کا نظریہ تھا کہ انسان کی آنکھ سے شعاعیں (لیزر کی طرح) خارج ہوتی ہیں جن کے ذریعہ ہم اشیاء کو دیکھتے ہیں۔ دنیا کا پہلا شخص جس نے اس نظریہ کی تردید کی وہ دسویں صدی کا عظیم مصری ریاضی داں اور ماہر طبیعات ابن الہیثم تھا۔ اس نے ہی دنیا کا سب سے پہلا پن ہول کیمرہ ایجاد کیا۔ اس نے کہا کہ روشنی جس سوراخ سے تاریک کمرے کے اندر داخل ہوتی وہ جتنا چھوٹا ہوگا پکچر اتنی ہی عمدہ (شارپ) بنے گی۔ اس نے ہی دنیا کا سب سے پہلا کیمرہ آبسکیورہ (Camera Obscura) تیار کیا۔ کیمرے کا لفظ کمرے سے اخذ ہے جس کے معنی ہیں خالی یا تاریک کوٹھڑی۔

پہلی پن چکی

دنیا کی سب سے پہلی پن چکی ایران میں ساتویں صدی میں بنائی گئی تھی۔ شہرہ آفاق مؤرخ المسعودی نے اپنی کتاب میں ایران کے صوبہ سیستان کو ہوا اور ریت والا علاقہ لکھا ہے۔ اس نے مزید لکھا کہ ہوا کی طاقت سے باغوں کو پانی دینے کے لئے پمپ پن چکی کے ذریعہ چلائے جاتے تھے۔

سوئیز نہر

خلیفہ ہارون الرشید ایک عالی دماغ انجینئر تھا۔ سوئیز نہر کھودنے کا خیال سب سے پہلے اس کو آیا تھا تا بحیرہ روم اور بحیرہ احمر کو آپس میں ملا دیا جائے۔ اس نے عین اس مقام پر نہر کھودنے کا سوچا تھا۔ جہاں اس وقت سوئیز کینال موجود ہے۔

(The Empire of the Arabs, Sir John Glubb, Page 287)

گھڑیوں کی ایجاد

یورپ سے سات سو سال قبل اسلامی دنیا میں گھڑیاں عام استعمال ہوتی تھیں۔ خلیفہ ہارون الرشید نے اپنے ہم عصر فرانس کے شہنشاہ شارلیمان کو گھڑی (واٹر کلاک) تحفہ میں بھیجی تھی۔ محمد ابن علی خراسانی (لقب الساعتی 1185ء) دیوار گھڑی بنانے کا ماہر تھا۔ اس نے دمشق کے باب جیرون میں ایک گھڑی بنائی تھی۔ اسلامی سپین کے انجینئر المرادی نے ایک واٹر کلاک بنائی جس میں گیئر اور بیلنسنگ کے لئے پارے کو استعمال کیا گیا تھا۔ مصر کے ابن یونس نے گھڑی کی ساخت پر رسالہ لکھا جس میں ملٹی پل گیئر ٹرین کی وضاحت ڈایاگرام سے کی گئی تھی۔ جرمنی میں گھڑیاں 1525ء اور برطانیہ میں 1580ء میں بننا شروع ہوئی تھیں۔

الجبرا

الجبرا پر دنیا کی پہلی کتاب عراق کے شہرہ آفاق سائنسدان الخوارزمی (850ء) نے لکھی تھی۔ اس نے 1-9 اور صفر کے اعداد 825ء میں اپنی شاہکار کتاب الجبر والمقابلہ میں پیش کئے تھے۔ اس سے پہلے لوگ حروف استعمال کرتے تھے۔ اس کتاب کے نام سے الجبرا کا لفظ ماخوذ ہے۔ اس کے تین سو سال بعد اطالین ریاضی دان فیبوناچی (Fibonacci) نے الجبرا یورپ میں متعارف کیا تھا۔ الخوارزمی کے نام سے الگورتھم یعنی ایسی سائنس جس میں 9 ہندسوں اور 0 صفر سے حساب نکالا جائے (Process used for calcuation with a computer) کا لفظ بھی اخذ ہوا ہے۔

مقالہ نویسی

الخوارزمی دنیا کا پہلا موجد مقالہ نویسی ہے۔ ہوا یہ کہ اس نے علم ریاضی پر ایک تحقیقی مقالہ لکھا اور بغداد کی سائنس اکیڈمی کو بھیج دیا۔ اکیڈمی کے سائنسدانوں کا ایک بورڈ بیٹھا جس نے اس مقالے کے بارے میں اس سے سوالات کئے۔ اس کے بعد وہ اکیڈمی کا رکن بنا دیا گیا۔ یونیورسٹیوں میں مقالہ لکھنے کا یہ طریق اب تک رائج ہے۔

پینڈولم

مصر کے سائنسدان ابن یونس (1009ء) نے پینڈولم دسویں صدی میں ایجاد کیا تھا۔ اس ایجاد سے وقت کی پیمائش پینڈولم کی جھولن (Oscillation) سے کی جانے لگی۔ اس کی اس زبردست ایجاد سے میکینکل کلاک دریافت ہوئی تھی۔

(Science and civilization is Islam, Dr. S.H. Nasr, P.1)

کیمیائی مادوں کی درجہ بندی

ایران کا محقق زکریا الرازی (925ء) دنیا کا پہلا کیمیا دان تھا جس نے سلفیورک ایسڈ تیار کیا جو ماڈرن کیمسٹری کی بنیادی اینٹ تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے ایتھونول بھی ایجاد کیا اور اس کا استعمال میڈیسن میں کیا۔ اس نے کیمیائی مادوں کی درجہ بندی (نامیاتی اور غیر نامیاتی) بھی کی۔

میڈیکل کی ایجادات

زکریا الرازی پہلا آپٹومیٹرسٹ تھا جس نے بصارت فکر اور تحقیقی انہماک سے نتیجہ اخذ کیا کہ آنکھ کی پتلی روشنی ملنے پر ردعمل ظاہر کرتی ہے۔ الرازی نے اپنے علمی شاہکار کتاب الحاوی میں گلاؤ کوما کی تفصیل بھی بیان کی۔ اس نے چیچک پر دنیا کی پہلی کتاب ’’الجدری والحصبہ‘‘ لکھی جس میں اس نے چیچک اور خسرہ میں فرق بتایا تھا۔ اس نے سب سے پہلے طبی امداد (فرسٹ ایڈ) کا طریقہ جاری کیا تھا۔ اس نے عمل جراحی میں ایک آلہ نشتر (Seton) بنایا تھا۔ اس نے ادویاء کے درست وزن کے لئے میزان طبعی ایجاد کیا۔ یہ ایسا ترازو ہے جس سے چھوٹے سے چھوٹا وزن معلوم کیا جا سکتا ہے۔ سائنس روم میں یہ اب بھی استعمال ہوتا ہے۔ الکحل بھی رازی نے ایجاد کی تھی۔

طبی تاریخ میں سنگ میل

طبیب اعظم زکریا الرازی پہلا انسان ہے جس نے جراثیم (Bacteria) اور تعدیہ (Infection) کے مابین تعلق معلوم کیا جو طبی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ بغداد میں کس مقام پر ہسپتال تعمیر

کیا جائے تو اس نے تجویز کیا کہ جہاں ہوا میں لٹکا گوشت دیر سے خراب ہو اسی مقام پر ہسپتال تعمیر کیا جائے۔ الرازی نے ہی طب میں الکحل کا استعمال شروع کیا۔ اس نے حساسیت اور مناعت (Allergy & Immunology) پر دنیا کا سب سے پہلا رسالہ لکھا۔ اس نے حساسی ضیق النفس (Allergic Asthma) دریافت کیا۔ اسی نے ہے فیور (Hay Fever) دریافت کیا تھا۔

خارش کے کیڑے

ابوالحسن طبری دنیا کا پہلا طبیب ہے جس نے خارش کے کیڑوں (Itch-Mite) کو دریافت کیا تھا۔

سیاروں کی گردش

کوپرنیکس سے صدیوں پہلے شام کے سائنسدان علاء الدین ابن شاطر نے تیرھویں صدی میں اس سائنسی مشاہدہ کا انکشاف کیا تھا کہ سورج اگرچہ آنکھوں سے اوجھل ہوجاتا ہے مگر اس کے باوجود زمین سورج کے گرد گردش کرتی ہے۔ علم ہیئت میں ابن شاطر کی متعدد دریافتوں کا سہرا مغربی سائنسدانوں کے سر باندھا جاتا ہے جیسے سیاروں کی گردش کے بارہ میں بھی سب سے پہلے دعویٰ ابن شاطر نے کیا تھا مگر اس کا کریڈٹ کیپلر کو دیا جاتا ہے۔

آلہ اصطرلاب

اصطرلاب کا آلہ اگرچہ یونان میں ایجاد ہوا تھا مگر اس کا سب سے زیادہ استعمال اور اس میں قابل قدر اضافے سب سے زیادہ مسلمانوں نے کئے۔ مسلمانوں نے درجنوں قسم کے اصطرلاب بنائے جو ایک ہزار سال گزرنے کے باوجود ابھی تک برطانیہ، امریکہ اور دوسرے مغربی ممالک کے عجائب گھروں میں محفوظ ہیں۔ لاہور میں جو اصطرلاب بنائے گئے وہ شکاگو کے ایڈلر میوزیم (Adler) میں راقم الحروف نے خود دیکھے ہیں۔ اصطرلاب ستاروں کو تلاش کرنے اور ان کا محل وقوع کا تعین کرنے کا آلہ ہے۔ اس کے ذریعے لوگ صحرا یا سمندر میں راستہ تلاش کرتے تھے نیز اس کے ذریعہ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کا وقت بھی معلوم کیا جاتا تھا۔ شہرہ آفاق اسٹرانومر عبدالرحمٰن الصوفی نے دسویں صدی میں اصطرلاب کے ایک ہزار فوائد گنوائے تھے۔

عینک کے شیشے

علم بصریات پر دنیا کی سب سے پہلی اور شاہکار تصنیف کتاب المناظر ابن الہیثم نے لکھی تھی۔ (Age of Faith, Will Durant) کروی اور سلجمی (Spherical/Parabolic) آئینوں پر اس کی تحقیق بھی اس کا شاندار کارنامہ ہے۔ اس نے لینز کی میگنی فائنگ پاور کی بھی تشریح کی تھی۔ اس نے اپنی خراد پر آتشی شیشے اور کروی آئینے (Curved Lenses) بنائے۔ حدبی عدسوں پر اس کی تحقیق اور تجربات سے یورپ میں مائکروسکوپ اور ٹیلی سکوپ کی ایجاد ممکن ہوئی تھی۔ ابن الہیثم نے محراب دار شیشے (Concave Mirror) پر ایک نقطہ معلوم کرنے کا طریقہ ایجاد کیا جس سے عینک کے شیشے دریافت ہوئے تھے۔

آنکھ کے حصے

ابن الہیثم نے آنکھ کے حصوں کی تشریح کے لئے ڈایا گرام بنائے اور ان کی تکنیکی اصطلاحات ایجاد کیں جیسے ریٹینا (Retina)، کیٹاریکٹ (Cataract)، کورنیا (Cornea) جو ابھی تک مستعمل ہیں۔ آنکھ کے بیچ کے ابھرے ہوئے حصہ (پتلی) کو اس نے عدسہ کہا جو مسور کی دال کی شکل کا ہوتا ہے۔ لاطینی میں مسور کو لینٹل (Lentil) کہتے ہیں جو بعد میں (Lens) بن گیا۔

اصول جمود

ابن الہیثم نے اصول جمود (Law of Inertia) دریافت کیا جو بعد میں نیوٹن کے فرسٹ لاء آف موشن کا حصہ بنا۔ اس نے کہا کہ اگر روشنی کسی واسطے سے گزر رہی ہو تو وہ ایسا راستہ اختیار کرتی ہے جو آسان ہونے کے ساتھ تیز تر بھی ہو۔ یہی اصول صدیوں بعد فرنچ سائنسدان فرمیٹ (Fermat) نے دریافت کیا تھا۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے کہا روشنی ایک طرح کی توانائی ہے۔ سورج کی کرنوں میں روشنی اور حرارت کا ایک ساتھ ہونا اس بات کی دلیل ہے۔

طبیبوں کا نظام

طبیبوں کی رجسٹریشن کا کام سنان ابن ثابت نے (943ء) بغداد میں شروع کیا تھا۔ اس نے حکم دیا کہ ملک کے تمام اطباء کی گنتی کی جائے اور پھر امتحان لیا جائے۔ کامیاب ہونے والے 800 طبیبوں کو حکومت نے رجسٹر کرلیا اور پریکٹس کے لئے سرکاری سرٹیفکیٹ جاری کئے۔ مطب چلانے کے لئے لائسنس جاری کرنے کا نظام بھی اس نے شروع کیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے پوری دنیا میں ڈپلومہ دینے اور رجسٹریشن کا سلسلہ شروع ہوگیا جو ابھی تک جاری ہے۔

سورج کا مدار

مشاہدہ افلاک کے جامع النظر ماہر محمد بن جابر البتانی (929ء) نے ایک سال کی مدت معلوم کی جو 365 دن، 5 گھنٹے اور 24 سیکنڈ تھی۔ اس نے سورج کا مدار بھی معلوم کیا تھا۔

گلیکسی کی دریافت

عبدالرحمٰن الصوفی (903-98ء ایران) پہلا عالمی ماہر افلاک تھا جس نے 964ء میں اینڈرومیڈا گلیکسی (Andromeda Galaxy M31) کو دریافت کیا تھا۔ ہمارے نظام شمسی سے باہر کسی اور سٹارسسٹم کے ہونے کا یہ پہلا تحریری ثبوت تھا جس کا ذکر اس نے اپنی تصنیف کتاب الکواکب الثابت المصور (Book of Fixed Stars) میں کیا۔ یہی کہکشاں سات سو سال بعد جرمن ہیئت دان سائمن (Simon Marius d1624) نے دسمبر 1612ء میں ٹیلی سکوپ کی مدد سے دریافت کی تھی۔

مختلف بیماریوں کا انکشاف

علم طب کی آبرو شیخ بوعلی سینا (1037ء) نے سب سے پہلے تپ دق کا متعدی ہونا دریافت کیا تھا۔ شیخ الرئیس نے پانی کے ذریعہ بیماری کے پھیلنے کا بھی ذکر کیا۔ اس نے شہرہ آفاق تصنیف، القانون، میں انکشاف کیا کہ پانی کے اندر چھوٹے چھوٹے مہین کیڑے (مائکروب) ہوتے ہیں جو انسان کو بیمار کردیتے ہیں۔ اس نے مریضوں کو بیہوش کرنے کے لئے افیون دینے کا کہا۔ اس نے ہی پھیپھڑے کی جھلی کا ورم (Pleurisy) معلوم کیا۔ اس نے انکشاف کیا کہ سل کی بیماری (Phthisis) متعدی ہوتی ہے۔ اس نے فن طب میں علم نفسیات کو داخل کیا اور دواؤں کے بغیر مریضوں کا نفسیاتی علاج کیا۔ اس نے بتلایا کہ ذیابیطس کے مریضوں کا پیشاب میٹھا ہوتا ہے۔ اس نے سب سے پہلے الکحل کے جراثیم کش (اینٹی سیپٹک) ہونے کا ذکر کیا۔ اس نے ہرنیا کے آپریشن کا طریقہ بیان کیا۔ اس نے دماغی گلٹی (برین ٹیومر) اور معدہ کے ناسور (سٹامک السر) کا ذکر کیا۔ اس نے انکشاف کیا کہ نظام ہضم لعاب دہن سے شروع ہوتا ہے۔

روشنی کی رفتار محدود ہے

علم طبیعات میں ابن سینا پہلا شخص ہے جس نے تجرباتی علم کو سب سے معتبر سمجھا۔ وہ پہلا طبیعات دان تھا جس نے کہا کہ روشنی کی رفتار لامحدود نہیں بلکہ اس کی ایک معین رفتار ہے۔ اس نے زہرہ سیارے کو بغیر کسی آلہ کے اپنی آنکھ سے دیکھا تھا۔ اس نے سب سے پہلے آنکھ کی فزیالوجی، اناٹومی اور تھیوری آف ویژن بیان کی۔ اس نے آنکھ کے اندر موجود تمام رگوں اور پٹھوں کو تفصیل سے بیان کیا۔ اس نے بتلایا کہ سمندر میں پتھر کیسے بنتے ہیں، پہاڑ کیسے بنتے ہیں، سمندر کے مردہ جانوروں کی ہڈیاں پتھر کیسے بنتی ہیں۔

صابن کی ایجاد

صابن مسلمانوں نے ہی ایجاد کیا تھا جس کے لئے انہوں نے سبزی کے تیل کو سوڈیم ہائیڈرو آکسائڈ میں ملا کر صابن تیار کیا تھا۔ یورپ کے صلیبی سپاہی جب یروشلم آئے تو مقامی عربوں کو ان سے سخت بدبو آتی تھی کیونکہ آج کے تہذیب یافتہ فرنگی غسل نہ لیتے تھے۔

شیمپو کی ایجاد

برطانیہ میں شیمپو ایک ترکش مسلمان نے متعارف کیا۔ جب اس نے 1759ء میں برائی ٹن (Brighten) کے ساحل پر Mahomed's Indian Vapour Bath کے نام سے دکان کھولی۔ بعد میں یہ مسلمان بادشاہ جارج پنجم اور ولیم پنجم کا شیمپو سرجن مقرر ہوا۔ ملکہ وکٹوریہ غسل لینے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتی تھی اس لئے وہ خوشبو بہت استعمال کرتی تھی۔

عمل کشید

عمل کشید کی دریافت نویں صدی کے عظیم کیمیا دان جابر ابن حیان نے کوفہ میں کی تھی۔ جابر نے کیمیا کے بہت سے بنیادی آلات اور عوامل بھی ایجاد کئے جیسے Oxidisation، Evaporation، Filtration، Liquefaction، Crystallisation اور Distillation۔ اس نے سلفیورک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ ایجاد کیا۔ اس کو ماڈرن کیمسٹری کا باوا آدم تسلیم کیا جاتا ہے۔

آلات سرجری

مغربی ممالک کے ہسپتالوں میں سرجری کے آلات بالکل وہی ہیں جو دسویں صدی کے جلیل القدر اندلسی سرجن ابوالقاسم زہراوی (1013ء) نے ایجاد کئے تھے۔ اس نے 200 سے زیادہ سرجری کے آلات بنائے تھے۔ جن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں: Fine Scissors for Eye Surgery، Scalpels، Bone Saws، Forceps۔ وہ پہلا سرجن تھا جس نے کہا کہ گھوڑے کی آنتوں سے بنے ٹانکے قدرتی طور پر جسم میں تحلیل ہوجاتے ہیں۔ یہ دریافت اس نے اس لمحہ کی جب اس کے عود کی تار (String) بندر ہڑپ کرگیا۔ اس نے دوائیوں کے کیپسول بھی ایسی آنتوں سے بنائے تھے۔

موتیا کے آپریشن

مسلمان اطباء نے افیون اور الکحل کو بطور (Anaesthetics) کے استعمال کیا تھا۔ مسلمانوں نے موتیا بند کے آپریشن کے لئے Hollow Needles ایجاد کیں جو اب بھی استعمال ہوتی ہیں۔

پن چکی میں مزید ترقی

پن چکی جو اس وقت یورپ اور امریکہ میں اس قدر مقبول عام ہے اور جس کے ذریعہ قدرتی طریق سے بجلی پیدا کی جاتی ہے یہ سب سے پہلے 634ء میں ایران میں بنائی گئی تھی۔ اس کے ذریعہ مکئی کو پیسا جاتا اور آبپاشی کے لئے پانی نکالا جاتا تھا۔ عرب میں جب ندی نالے خشک ہوجاتے تو ہوا ہی رہ جاتی جو ایک ہی سمت کو کئی مہینوں تک چلتی رہتی تھی۔ ایرانی پن چکی میں چھ یا بارہ کپڑے کے بنے پنکھے لگے ہوتے تھے۔ یورپ میں پن چکی اس کے پانچ سو سال بعد دیکھنے میں آئی تھی۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 68268 میں شہناز کوثر

زوجہ طاہر احمد قوم جاٹ پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمد آباد ضلع میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 22-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 950-33 گرام مالیتی اندازاً -/52000 روپے (2) حق مہر -/15000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شہناز کوثر۔ گواہ شد نمبر 1 وسیم احمد ولد رشید احمد (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 68269 میں مبشرہ طاہر

زوجہ طاہر احمد قوم جاٹ پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمد آباد ضلع میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 22-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور اندازاً مالیتی -/5000 روپے (2) حق مہر -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مبشرہ طاہر۔ گواہ شد نمبر 1 وسیم احمد ولد رشید احمد (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 68270 میں شمیم اختر

زوجہ چوہدری محمد سلیم قوم اٹھوال (جاٹ) پیشہ ٹیچر عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمد آباد ضلع میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 29-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ 120 گز واقع گلشن جوہر کراچی اندازاً مالیتی -/600000 روپے (2) بھینس اندازاً مالیتی -/40000 روپے (3) حق مہر -/10000 روپے (4) طلائی زیور 20 گرام اندازاً مالیتی -/28000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/13700 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شمیم اختر گواہ شد نمبر 1 چوہدری محمد سلیم خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 وصیت نمبر 43779

مسل نمبر 68271 میں ارشد بیگم

زوجہ عبدالشکور قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسماعیل آباد ضلع میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) بھینس اندازاً مالیتی -/40000 روپے (2) طلائی زیور 7 تولے اندازاً مالیتی -/91000 روپے (3) حق مہر بذمہ خاوند -/20000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ارشد بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد وصیت نمبر 52388۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالشکور خاوند موصیہ

مسل نمبر 68272 میں وحید احمد

ولد رشید احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ مہر محمد بوٹا چک نمبر 270 الف ضلع میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وحید احمد۔ گواہ شد نمبر 1 مظفر احمد ولد عبدالعزیز آرائیں۔ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

مسل نمبر 68273 میں انیلا

